ungdata | OSLOMET STORBYUNIVERSITETET VELFERDSFORSKNINGSINSTITUTTET NOVA

Ungdata سروے کے بارے میں سرپرستوں اور طالبعلموں کے لیے معلومات

اس سال آپ کے بچے کے سکول میں Ungdata سروے ہو رہا ہے۔ سکول اور بلدیہ کے تمام طالبعلموں کو سروے میں حصہ لینے کی دعوت دی جا رہی ہے۔ سروے موسم بہار والی ششماہی میں سکول میں انجام پائے گا۔ اس کا مقصد بچوں اور نوعمر افراد کے حالات جاننا اور یہ جاننا ہے کہ وہ فرصت کے وقت میں کیا کرتے ہیں۔

سروے کا مقصد

- بچوں اور نوعمر افراد کو موقع دینا کہ وہ مقامی سیاستدانوں اور حکام کو بتائیں کہ اس بلدیہ میں پلنا بڑھنا کیسا ہے۔
- وہ علم مہیا کرنا جسے بچوں کی نشوونما کے حالات بہتر بنانے کے لیے بلدیہ کے کام میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔
- تحقیق کے لیے مواد مہیا کرنا تاکہ مقامی اور قومی سطح پر، اور وقت کے ساتھ ساتھ، بچوں کی نشوونما کے حالات کے متعلق علم بڑھے۔

ہم Ungdata میں کیا پوچھ رہے ہیں؟

- دوست، فرصت کا وقت اور میڈیا کا استعمال
- خاندان، سکول اور اردگرد کا ماحول
- صحت، بہبود و اطمینان اور زندگی کی کیفیت
- موبنگ (ستانا)
- صنف اور کلاس

ہائی سکول کے طالبعلموں سے ہم یہ بھی پوچھ رہے ہیں:

- اصولوں کی خلاف ورزی اور نشہ
- تشدّد اور ہراسمنٹ (دوسروں کو ڈرانا)
- والدین کی تعلیم کتنی ہے

Ungdata کیسے انجام دیا جا رہا ہے؟

- سروے مکمل کرنے کے لیے سکول کا ایک پیریڈ مخصوص کیا گیا ہے اور ایک بالغ شخص کی موجودگی میں سروے ہو گا۔
- سروے الیکٹرانک طور پر مکمل کیا جائے گا یعنی Ungdata کے سروے پیج پر ایک دفعہ استعمال ہونے والے اتفاق کوڈ سے لاگ اِن کے ذریعے۔ اس کوڈ سے سروے مکمل کرنے والے شخص کا پتہ نہیں چلایا جا سکتا۔
- طالبعلم سروے میں کراس لگا کر جواب دیں گے۔
- جو طالبعلم چاہیں، انھیں سروے کے سوالات اور جوابات پڑھ کر سنائے جا سکتے ہیں۔ اس کے لیے ہیڈ فونز کا استعمال ضروری ہے۔
- کچھ طالبعلموں کو سروے میں شامل ہونے کے لیے خاص انتظامات کی ضرورت ہو سکتی ہے۔ سکول کو یہ معلومات ملی ہیں کہ خاص انتظامات کن مختلف طریقوں سے کیے جا سکتے ہیں۔

ممکنہ مسائل سے نبٹنے کے لیے تیاری

سروے کے بعد سکول ہیلتھ سروس ان طالبعلموں کی مدد کے لیے تیار رہے گی جنھیں مدد کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

سروے میں حصہ لینا آپ کی مرضی پر منحصر ہے

- سروے کا جواب دینا یا نہ دینا طالبعلموں کی مرضی پر منحصر ہے۔
- طالبعلم ان سوالوں کو چھوڑ کر آگے بڑھ سکتے ہیں جن کا جواب وہ نہ دینا چاہتے ہوں اور اگر چاہیں تو سروے کو ادھورا بھی چھوڑ سکتے ہیں۔

سرپرستوں کی رضامندی

- یہ فیصلہ سرپرستوں کے ہاتھ میں ہے کہ آپ کا بچہ سروے میں حصہ لے گا یا نہیں۔
- اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کا بچہ حصہ لے تو آپ کو کچھ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپکا بچہ حصہ نہ لے تو آپکو سروے کے آغاز سے پہلے بچے کے رابطہ استاد/سکول کو بتانا ہوگا۔

تحفظ ذاتیات (پرائیویسی)

- سروے ناموں کے بغیر ہوگا۔ جو ڈیٹا اکٹھے کیے جائیں گے، ان سے کسی فرد کو پہچاننا ممکن نہیں ہوگا۔
- تمام جوابات کو کڑی رازداری سے رکھا جائے گا۔

سروے کے لیے کون ذمہ دار ہے؟

سروے کو OsloMet (اوسلو میٹروپولیٹن یونیورسٹی) کا سوشل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ NOVA اور نشے کے مسائل کے لیے ریجنل کمپیٹینس سنٹر (KORUS) بلدیہ کی طرف سے ذمہ داری سونپے جانے پر انجام دے رہے ہیں۔

رابطہ تفصیلات

سروے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے سکول یا اپنے ریجنل KORUS سے رابطہ کریں۔

سرپرست KORUS سے رابطہ کر کے سروے کو نارویجن یا انگلش میں منگوا سکتے ہیں۔

آپ Ungdata کی ویب سائیٹ پر سروے کے متعلق مزید معلومات لے سکتے ہیں۔

http://www.ungdata.no/informasjon-til-ungdom-og-foresatte/